# اخبار الوفاق

## وفاق المدارس کی جانب سے جمعیت علماء اسلام کے صد سالہ پروگرام میں شرکت کی اپیل

اسلام آباد:......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر قائم مقام صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، مولانا انوار الحق نائب صدر اور مولانا محمد حنیف جالندھری جنرل سیکرٹری وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام پشاور میں منعقدہ عالمی اجتماع کے حوالے سے پاکستانی عوام اور دینی حلقوں کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ صد سالہ عالمی اجتماع اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈے کا توڑ اور پاکستان کو ایک صحیح اسلامی اور فلاحی ریاست بنانے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا، ملک بھر کے مسلمان اجتماع میں بھرپور شرکت کر کے اس کو کامیابی سے ہمکنار کریں اور عالمی استعماری قوتوں کو یہ پیغام دیں کہ اسلام ہر انتہا پسندانہ طرز عمل اور ظلم و استبداد کے مخالف اور ہر خیر و فلاح، عدل و انصاف اور سچائی کا حامی ہے، دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ اجتماع کی کامیابی کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کریں، عالمی اجتماع اسلام کے حقیقی پیغام اور روشن چہرے کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کا باعث بنے گا، عالمی اجتماع علماء دیوبند کے اس دیرینہ عزم کا اظہار ثابت ہوگا کہ ہم تعلیم و تربیت، ذہن سازی، افہام و تفہیم اور سیاسی وجمہوری جدوجہد کے ذریعے اسلامی انقلاب برپا کریں گے تفصیلات کے مطابق وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے عالمی صد سالہ اجتماع کے حوالے سے پاکستانی قوم، دینی حلقوں اور ملک بھر کے علماء وطلبہ اور مساجد کے ائمہ وخطباء کے نام ایک اپیل جاری کی ہے جس میں عالمی اجتماع میں شرکت کی پرزور تاکید کی گئی ہے اور اس اجتماع کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ اجتماع پاکستان کو صحیح اسلامی اور فلاحی ریاست بنانے کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے کہا ہے کہ یہ اجتماع عالمی سطح پر اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہونے والے بے بنیاد پروپیگنڈے کے توڑ کا باعث بنے گا۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ برصغیر میں علماء دیوبند کی جدوجہد کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے یہ اجتماع اس دیرینہ عزم کا اعادہ ہوگا کہ ہم تعلیم و تربیت، افہام و تفہیم اور سیاسی وجمہوری جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے پاکستانی قوم سے اپیل

کی کہ وہ اس اجتماع میں شرکت کر کے عالمی استعماری قوتوں کو یہ پیغام دیں کہ اسلام ہر انتہا پسندانہ طرزِ عمل اور ظلم واستبداد کے مخالف اور ہر خیر وفلاح، عدل وانصاف اور سچائی کا حامی ہے۔ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے ملک بھر کی مساجد کے ائمہ وخطباء اور دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ سے کہا ہے وہ اجتماع کی کامیابی اور ہر طرح کی عافیت کے لیے بھرپور دعاؤں کا اہتمام کریں۔

## صد سالہ عالمی اجتماع کے لاکھوں شرکاء نے ثابت کر دیا کہ اس ملک کو سیکولر نہیں بنایا جاسکتا:

پشاور:......وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ پاکستان کو سیکولر ریاست بنانے کا خواب دیکھنے والوں کو ناکامی ہوگی، دہشت گردی کو اسلام سے جوڑنے والے ہوش کے ناخن لیں، اسلام امن ومحبت، عدل، اعتدال اور تحمل وبرداشت کا دین ہے، دہشت گردی اور دہشت گردوں کا اسلام سے، اسلام کا دہشت گردی اور دہشت گردوں سے کوئی تعلق نہیں، دہشت گردی اور انتہا پسندی کی آڑ میں اسلام، امت مسلمہ اور مدارس ومساجد کیخلاف اقدامات کسی صورت قابل قبول نہیں، سوشل میڈیا پر گستاخانہ مواد ناقابل برداشت ،حکومت ناموس رسالت کا تحفظ یقینی بنائے ،توہین رسالت کا ارتکاب فساد ہے لہذا آپریشن ردالفساد کا رخ گستاخان رسول کی طرف موڑا جائے ، مذہبی طبقے نے ہر آڑے وقت میں حب الوطنی کا ثبوت دیا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اضاخیل نوشہرہ میں جمعیت علمائے اسلام کے زیر اہتمام عالمی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا ،مولانا حنیف جالندھری نے کہا کہ اسلام نے ہمیشہ امن وسلامتی کا درس دیا، بے گناہوں کا خون بہانے والے اور انسانیت کا قتل عام کرنے والے آج اسلام اور مسلمانوں کو موردِ الزام ٹھہرا رہے ہیں، لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم دنیا کے سامنے اسلام کی حقیقی تصویر پیش کریں، انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کے باغی اس ملک کا سرمایہ نہیں ہو سکتے ،جنہوں نے اس وطن عزیز کو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا، جو ہماری عدلیہ کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کرتے وہ محب وطن ہو سکتے ہیں نہ ہمارا سرمایہ، انہوں نے کہا کہ اس ملک کے لئے قربانیاں دینے والوں کو پرموٹ کرنے کی ضرورت ہے جن کے سینے وطن عزیز کی محبت سے سرشار ہیں، مولانا حنیف جالندھری نے جمعیت علمائے اسلام کو عظیم الشان اجتماع کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عالمی اجتماع میں لاکھوں پاکستانیوں نے شرکت کر کے ثابت کر دیا کہ وہ اسلام پر غیر متزلزل یقین رکھتے ہیں، انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج کے اس اجتماع سے ثابت ہو گیا کہ اس ملک کو سیکولر بنانے کا خواب دیکھنے والوں کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ عالمی اجتماع کے پوری دنیا پر مثبت اور دوررس نتائج مرتب ہوں گے۔

## معزز مہمان امام کعبہ شیخ صالح آل طالب حفظہ اللہ سے وفاق المدارس العربیہ کے وفد کی ملاقات:

اسلام آباد (8 اپریل 2017) امام کعبہ شیخ صالح بن محمد ابراہیم آل طالب نے کہا ہے کہ دہشت گردی اور تشدد کو اسلام کا نام دینے والے کسی طور پر درست نہیں ہو سکتے، امت مسلمہ اس وقت ابتلاء اور آزمائش کے دور سے گزر رہی ہے، اتحاد و اتفاق وقت کی ضرورت بھی ہے اور حالات کا تقاضا بھی، علمائے کرام نے ہمیشہ انسانی فلاح و بہبود کیلئے نمایاں کردار ادا کیا اب بھی وہ اپنا قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے عالم اسلام کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کریں، سعودی عرب نے ہمیشہ امت مسلمہ کو جوڑنے کی کوشش کی، پاکستانیوں سے مجھے قلبی محبت ہے، اپنے آپ کو علمائے کرام کے درمیان پا کر دلی خوشی محسوس کر رہا ہوں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولانا محمد حنیف جالندھری کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفاق المدارس کے ایک بڑے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، امام کعبہ نے کہا کہ علمائے کرام ہی اصل قیادت ہیں، موجودہ حالات میں علماء پر دہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے امت مسلمہ میں جوڑ پیدا کرنے کیلئے کردار ادا کریں، انہوں نے کہا کہ ہماری نجات اسلام کی خوبصورت تعلیمات پر عمل کرنے میں ہے، سعودی عرب میں خوشحالی اور فراوانی تیل کی وجہ سے نہیں بلکہ قرآن وسنت کے احکامات کے نفاذ کی وجہ سے ہے، انہوں نے کہا کہ اسلام امن وسلامتی والا مذہب ہے، دہشت گردی، بدامنی اور تشدد کو اسلام کے ساتھ جوڑنے کی کوششیں قابل مذمت ہیں، امام کعبہ نے اس موقع پر پاکستان میں دینی مدارس کی خدمات کا اعتراف کیا، وفاق المدارس اور علمائے کرام کیلئے کلمات تحسین ادا کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے فروغ اور اسلام کی نشر و اشاعت کیلئے پاکستان کے دینی اداروں کی خدمات قابل قدر ہیں، اس موقع پر وفاق المدارس کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ علمائے کرام نے اتفاق واتحاد کیلئے ہمیشہ کردار ادا کیا اور اب بھی کرتے رہیں گے، امت مسلمہ کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے سعودی عرب کی خدمات اور قائدانہ کردار کا اعتراف کرتے ہیں اور مشکل کی ہر گھڑی میں سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، حرمین شریفین کے تحفظ کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے تعلقات اور رابطوں کو مزید وسعت دینی چاہئے، اس سلسلے میں سعودی عرب کی یونیورسٹیوں اور دینی درسگاہوں سے استفادے کیلئے علماء وطلباء کے وفود کا تبادلہ ہونا چاہیئے، امام کعبہ نے علمائے کرام کی اس تجویز سے اتفاق کیا اور وفاق المدارس کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا، اس موقع پر سینیٹر طلحہ محمود بھی موجود تھے، وفد میں مولانا قاضی عبدالرشید، مولانا پیر عزیز الرحمٰن ہزاروی، مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا سعید یوسف، مولانا ظہور احمد علوی، مولانا نذیر فاروقی، مولانا احمد حنیف، مولانا مفتی اویس

عزیز، مولانا عبدالرؤف محمدی، مولانا شفیق الرحمن، مولانا ادریس حقانی، مفتی شکیل احمد اور دیگر شامل تھے۔

## وفاق المدارس کی جانب سے جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن میں شعبہ بنات کی مسئولات کی تربیتی نشست:

(کراچی: ۱۸ رجب ۱۴۳۸ھ) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی جانب سے جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن میں شعبہ کتب للبنات کے امتحانات کی مسئولات کی تربیتی نشست منعقد ہوئی۔ اس تربیتی نشست میں شیخ الحدیث حضرت مولانا انوارالحق دامت برکاتہم نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان، حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری مدظلہم ناظم اعلیٰ وفاق المدارس پاکستان، حضرت مولانا مفتی امداداللہ مدظلہم ناظم وفاق المدارس صوبہ سندھ، حضرت مولانا عبدالرزاق صاحب مدظلہم (جامعہ فاروقیہ کراچی) نے شرکت فرمائی۔ پردے کے مکمل اہتمام کے ساتھ منعقد ہونے والی اس نشست سے حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری دامت برکاتہم نے مفصل خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اس کے لیے انجام دی جانے والی تمام خدمات باعث اجر بھی ہیں۔ آج کی نشست کا مقصد بھی یہ ہے ہم آئندہ ہونے امتحانات کے سلسلے میں کچھ باتوں کو تازہ کرلیں۔ اس لیے کہ وفاق کے حوالے سے کوئی بھی ذمہ داری ہو اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہے، اسے معمولی نہ سمجھیے، وفاق صدقہ جاریہ ہے۔ اور یہ بات آپ کو معلوم ہے کہ مدارس کے خلاف تمام تر منفی پراپیگنڈے کے باوجود الحمدللہ مدارس میں طلبہ وطالبات کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ اس سال تیس ہزار طلبہ پچھلے سال کی بنسبت زیادہ امتحان دے رہے ہیں۔ اور ان میں بھی طالبات کی تعداد زیادہ ہے۔ اس لحاظ سے ہماری ذمہ داریوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ حضرت قاری صاحب نے بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ امتحانات کے دوران نظم وضبط کو برقرار رکھنا انتہائی اہم ہوتا ہے، یہ انتظامی اور شرعی ذمہ داری ہے۔ امانت ودیانت اس کا بنیادی عنصر ہے۔ اس سلسلے میں امتحانی ضوابط کو ضرور دیکھیں، امتحان کے دوران نقل کی شکایات نہیں ہونی چاہییں، موبائل فون کا استعمال بالکل ممنوع ہے، وفاق کی طرف سے امتحان کے دوران صف بندی کی جو طے شدہ ترتیب اور فاصلہ ہے اس خاص خیال رکھیں۔ اسی طرح نگران خواتین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے گھریلو امور سے بروقت فارغ ہوکر اپنے اپنے سینٹرز میں پہنچنے کی کوشش کریں۔ اسی طرح حضرت ناظم اعلیٰ صاحب دامت برکاتہم نے مدارس بنات کے ذمہ داران کو متوجہ کرتے ہوئے کہا کہ اکثر مدارس بنات میں ہال نہیں ہوتے، چھوٹے کمرے ہوتے ہیں، اور امتحان کے دوران طالبات کے درمیان معیاری فاصلہ برقرار نہیں رہ پاتا۔ اس لیے کوشش کریں کہ اپنے مدارس بنات

میں ہال ضرور تعمیر کرائیں، تاکہ نگرانی میں آسانی ہو۔

## طیب اردگان کی فتح پر ترک بھائیوں کو مبارک باد

اسلام آباد (18 اپریل) ترکی میں طیب اردگان کی فتح امت مسلمہ کی نشأۃ ثانیہ کا پیش خیمہ ثابت ہوگی، طیب اردگان کی فتح دراصل دنیا بھر کے اسلام پسندوں اور مظلوموں کی فتح ہے، طیب اردگان کی فتح دنیا بھر میں سیکولرازم کے لیے ہزیمت اور شکست کا پیغام ثابت ہوگی، ترکی کے اسلام پسند اور محبِّ وطن عوام نے مظلوموں کی حمایت اور امت کی نشأۃ ثانیہ کی کوششوں کی توثیق کردی، ریفرنڈم میں شاندار کامیابی پر ترک بھائیوں کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر قائم مقام صدر وفاق، مولانا محمد حنیف جالندھری جنرل سیکرٹری وفاق المدارس العربیہ، مولانا انوار الحق نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور دیگر نے ترک ریفرنڈم میں طیب اردگان کی شاندار کامیابی پر اپنے ایک تہنیتی بیان میں کیا، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین نے ترک ریفرنڈم میں طیب اردگان کی کامیابی کو اسلام پسندوں اور مظلوموں کی فتح قرار دیا اور کہا کہ ترک ریفرنڈم کے نتائج دنیا بھر میں سیکولرازم اور ظلم وستم کے خلاف ہزیمت اور شکست کا پیغام ثابت ہوں گے۔ وفاق المدارس کے قائدین نے ترک عوام کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین اور مبارک باد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ طیب اردگان کی فتح امت مسلمہ کی نشأۃ ثانیہ کا باعث بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ ترک عوام نے تعمیر وترقی اور مظلوموں کی حمایت پر مبنی طیب اردگان کی پالیسیوں کو ووٹ دیا ہے اب انہیں نئے عزم کے ساتھ اپنے اہداف کے حصول کی جدوجہد کرنی چاہیے۔